ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (490)

10.09.2023

# بہاولپور () اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں اور امتحانی مراکز کی سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے۔ڈی پی او کی خصوصی ہدایات کے مطابق سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے اپنی پوزیشنز مخصوص پوائنٹس پر رکھیں،کسی بھی آنے والے شخص سے غیر اخلاقی رویہ نہ رکھا جائے،اخلاقی دائرہ میں رہتے ہوئے ویریفیکیشن کی جائے۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی سربراہی میں ضلعی پولیس نے اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں اور امتحانی مراکز کی سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے۔ضلع کے تمام سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے ڈی پی او کے سیکیورٹی سے متعلق خصوصی احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے صبح سویرے ہی تمام انتظامات مکمل کیے۔سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو بریف کیا گیا۔سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کو یقینی بنایا گیا۔مخصوص پوائنٹس پر سنائپرز نے اپنی ڈیوٹی سرانجام دی۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں نے اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔پروگرامز کے آغاز سے پہلے سرچ اینڈ سویپنگ کرواتے ہوئے پوائنٹس کو کلیئر کروایا۔امتحانی مراکز میں آنے والے افراد کے شناختی کارڈ اور رولنمبر سلپس کو مقامی انتظامیہ کے ساتھ ملکر چیک کیا اور پھر اندر جانے کی اجازت دی گئی۔پارکنگ ایریا مرکز سے 300 میٹر کی دوری پر مختص کیا گیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرامز جہاں پر ہجوم ہو اور لوگ زیادہ تعداد میں ہوں وہاں پر کوئی بھی شرپسند عناصر کسی ناخوشگوار واقعہ کا سبب بن سکتے ہیں۔ہمیں ہر ابتر صورتحال کیلئے ہمہ وقت تیار رہنا چاہیے۔دی گئی ایس او پی پر سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا گیا۔عوام کو تحفظ مہیا کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ڈی پی او نے مزید کہا کہ کسی بھی آنے والے فرد سے غیر اخلاقی رویہ نہ اپنایا جائے بلکہ خوش اخلاقی کے دائرہ میں رہتے ہوئے قانون کے مطابق ویریفیکیشن کی جائے۔ڈی پی او نے بہترین سیکیورٹی انتظامات پر پولیس کی پرفارمنس کو سراہا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں اور امتحانی مراکز کی سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے۔